الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

# ہدایہ شریف کے سوالات

## کتاب النکاح وطلاق

عبدالرحمن مدنی

CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## کتاب النکاح S.QS

1) نکاح کا لغوی واصطلاحی معنی تحریر کریں
2) نکاح کتنے الفاظ سے منعقد ہوتا ہے؟
3) نکاح کن الفاظ سے منعقد نہیں ہوتا؟
4) دو مسلمانوں کے نکاح کے منعقد ہونے کی شرائط لکھیں
5) کیا فاسق کی گواہی سے نکاح منعقد ہو جاتا ہے؟ صرف مؤقف آئمہ
6) مسلمان کا ذمیہ سے ذمیین کی موجودگی میں نکاح کا حکم لکھیں؟
7) محرمات نکاح کے صرف نام لکھیں؟
8) جمع بین الاختین کا حکم مع دلیل لکھیں
9) مولی کا اپنی لونڈی سے عورت کا اپنے غلام سے نکاح کا حکم لکھیں
10) آزاد کے ہوتے ہوئے لونڈی سے اور لونڈی کے ہوتے ہوئے آزاد سے نکاح کا حکم مع علت لکھیں
11) آزاد کتنی عورتوں سے نکاح کر سکتا ہے مع دلیل لکھیں؟
12) غلام کتنی عورتوں سے نکاح کر سکتا ہے مع دلیل لکھیں؟
13) نکاح متعہ و نکاح مؤقت کا حکم مع دلیل بیان کریں؟

## کتاب النکاح--LQS

1) حرمت مصاہرت کا حکم مع اختلاف ودلائل لکھیں؟
2) مطلقہ کی عدت میں اسکی بہن سے نکاح کا حکم مع اختلاف ودلائل لکھیں؟
3) حالت احرام میں نکاح کا حکم مع اختلاف ودلائل لکھیں؟
4) مطلقہ کی عدت میں لونڈی سے نکاح کا حکم مع اختلاف ودلائل لکھیں؟
5) نکاح متعہ کا حکم مع اختلاف ودلائل لکھیں؟

## باب الاولیاء والاکفاء۔ مختصر سوالات

CamScanner

1۔ ولی کیلئے باکرہ بالغہ کو نکاح میں مجبور کرنے کے بارے میں فریقین کا مؤقف تحریر کریں؟

ولی اگر باکرہ بالغہ سے نکاح کی اجازت طلب کرے تو کس صورت میں اجازت ہو گی؟

غیر ولی اگر اجازت طلب کرے تو پھر اجازت کی صورت تحریر کریں

.اجازت طلب کرنے میں مہر کو بیان کرنے کا حکم تحریر کریں

ولی نے عورت کا نکاح کروادیا. بعد میں عورت کو خبر پہنچی تو کیا حکم ہے.؟ .

مخبر کے فضولی ہونے کی صورت میں اختلاف آئمہ تحریر کریں. ؟

ثیبہ سے اجازت طلب کی تو اجازت کی صورت تحریر کریں.؟

.باکرہ عورت کی بکارت کن چیزوں سے زائل ہو گی؟ تحریر کریں

.اگر عورت کی بکارت چھلانگ لگانے, حیض, زخم. بیماری سے زائل ہو تو کیا حکم ہے؟ علت بھی تحریر کریں

اگر زنا سے پردہ بکارت زائل ہو جائے تو اختلاف آئمہ تحریر کریں. ؟

جب ولی نے صغیر اور صغیرہ کا نکاح کروایا تو نکاح کا حکم کیا ہے؟ آئمہ کرام کا موقف تحریر کریں.؟

.جب باپ دادا نے صغیر و صغیرہ کا نکاح کیا. تو خیار بلوغ کا حکم دلائل کے ساتھ لکھیں

.باپ دادا کے علاوہ کے نکاح کروانے کی صورت میں خیار بلوغ ہو گا یا نہیں؟ بمع اختلاف تحریر کریں

باکرہ اور غلام کا خیار کیسے باطل ہو گا تحریر کریں؟

.باکرہ اور ثیبہ کے حق میں خیار بلوغ کی مدت لکھیں؟

کن کن کے لیے ولایت نہیں ہو گی.؟

؟آزاد کردہ عورت کا ولی نہ ہو تو اس کا نکاح کون کروائے گا

ولی نہ ہونے کی صورت میں ولایت کس کی طرف منتقل ہو گی.؟

غیبت منقطعہ کسے کہتے ہیں؟.؟ مختلف اقوال لکھیں

ہدایہ شریف کتاب النکاح وکتاب الطلاق کے سوالات۔ عبد الرحمن مدنی جامعۃ المدینہ چشتیاں شریف

مجنون عورت کا باپ اور بیٹا جمع ہوں تو نکاح میں ولی کون بنے گا؟ بمع اختلاف لکھیں. ؟

.. کفاءت میں کتنی چیزوں کا اعتبار ہے؟ صرف نام لکھیں

کفاءت میں مال کا اعتبار ہے. اس سے کیا مراد ہے

کفایت میں غنی کا اعتبار کس کے نزدیک ہے؟ اور کس کے نزدیک نہیں؟ آئمہ کرام کے نام لکھیں.؟

غلام اور لونڈی کا مولی کی اجازت کے بغیر نکاح کرنے کا حکم لکھیں

. مرد کا عورت سے اس کی رضا کے بغیر نکاح کرنے کا حکم کیا ہے صرف احناف کا مؤقف لکھیں

باب الاولیاء والاکفاء تفصیلی سوالات

آزاد عاقلہ بالغہ عورت کا نکاح اس کی رضا سے منعقد ہونے یا نہ ہونے کا اختلاف دلائل کے ساتھ لکھیں؟

. باکرہ بالغہ کو نکاح پر مجبور کرنے کے بارے میں اختلاف لکھیں

. جس عورت کا پردہ بکارت زنا سے زائل ہو تو وہ کس حکم میں ہے؟ باکرہ یا ثیبہ؟ اختلاف آئمہ دلائل کے ساتھ لکھیں

صغیر وصغیرہ کا نکاح جب ولی کروائے صغیرہ ثیبہ ہو یا باکرہ. اس میں اختلاف تحریر کریں. ؟

جب غیر اب وجد نے صغیر وصغیرہ کا نکاح کروایا تو بعد بلوغت اختیار میں اختلاف. مع دلائل تحریر کریں

جب ولی اقرب غیبت منقطعہ کے طور پر غائب ہو تو ولی ابعد نکاح کرواسکتا ہے یا نہیں اختلاف دلائل کے ساتھ تحریر کریں

مجنونہ عورت کا باپ اور بیٹا ہو تو نکاح میں ولی کون ہو گا اختلاف لکھیں

. کفاءت میں دیانت کا اعتبار کس کے نزدیک ہے کس کے نزدیک نہیں. دلائل کے ساتھ لکھیں

باب المہر S.QS

1. مہر کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کریں
2. نکاح میں مہر کی اہمیت بیان کریں
3. نکاح میں مہر کی مقدار مع دلائل بیان کریں

CamScanner

4. اگر دس درہم سے کم مہر مقرر ہوا تو کیا حکم ہے؟
5. متعہ کی مقدار؟اور یہ مقدار کن سے مروی ہے؟
6. عقد کے بعد مہر میں کمی بیشی کرنے کا حکم تحریر کریں
7. خلوت کی صورت میں کب مہر لازم ہو گا اور کب نہیں؟
8. موانع وطی کی اقسام مع تفصیل لکھیں؟
9. نکاح شغار کا حکم و مہر کا حکم لکھیں؟
10. اگر کوئی مہر میں کپڑے کی جنس بیان کرتو کیا حکم ہے؟
11. کیا مسلمان خمر یا خنزیر کو مہر بنا سکتا ہے؟
12. نکاح فاسد میں بعد تفریق مہر کا کیا حکم ہے؟
13. نکاح فاسد میں وطی کے بعد عدت و نسب کا حکم بیان کریں
14. مہر مثل میں کن عورتوں کا اور کس کی جانب سے اعتبار ہو گا؟
15. مہر مثل میں کتنی اور کن چیزوں کا اعتبار ہو گا؟
16. کیا ولی مہر کا ضامن بن سکتا ہے؟ اور عورت کس سے مطالبہ کرے گی؟
17. مہر معجل کی صورت میں عورت کو کیا کیا حق حاصل ہوں گے؟
18. مہر کے اصل مسمیٰ میں اختلاف ہو تو کیا حکم ہے مع علت لکھیں؟
19. زوجین کے انتقال کے بعد مسمیٰ وغیر مسمیٰ مہر میں اختلاف کا مؤقف لکھیں؟
20. مرد نے عورت کو ہدیہ کیا تو اسکو مہر میں کب شمار کیا جائے گا؟

باب المہر L.QS

1) دس درہم سے کم مہر مقرر کیا تو کتنا مہر ملے گا؟ مع اختلاف و دلائل بیان کریں؟
2) بعد عقد مہر مقرر ہوا تو کیا حکم ہے مع اختلاف و دلائل بیان کریں
3) مجبوب کی خلوت کا حکم مع اختلاف و دلائل بیان کریں
4) غلام نے آزاد عورت سے خدمت کے بدلے نکاح کیا تو کیا حکم ہو گا مع اختلاف و دلائل بیان کریں
5) جانور کی صفت بیان کئے بغیر نکاح کیا تو حکم و اختلاف و دلائل بیان کریں
6) فان تزوج امرءة علی هذا الدن من الخل فاذا هو خمر ---الخ نفس مسئلہ و قاعدہ بیان کریں

CamScanner

7) اگر زوجین میں مہر کی مقدار میں اختلاف ہو اتو کب کس کا قول معتبر ہو گا؟ مع دلائل بیان کریں

8) واذا مات الزوجان وسمٰی لها مهرا فلورثتها۔۔۔الخ نفس مسئلہ کو ہدایہ کی روشنی میں واضح فرمائیں؟

9) فان تزوجها علی الف فقبضتها ووهبتها له۔۔۔۔۔اس مسئلہ کی کوئی دو صورتیں بیان فرمائیں

## باب القسم S.QS

1) باری مقرر نہ کرنے کی وعید حدیث پاک کی روشنی میں لکھیں

2) حالت سفر میں تقسیم کاری ضروری ہے؟ اختلاف صرف مؤقف لکھیں

3) باری ھبہ کرنے کا حکم واس سے رجوع کرنا کیسا؟

## کتاب الرضاع SQS

1) رضاعت کی مقدار ورضاعت کی شرط و حکم تحریر کریں؟

2) خمس رضعات سے کم حرمت رضاعت ثابت ہو گی یا نہیں؟ امام شافعی کی دلیل لکھیں

3) مدت رضاعت میں اختلاف صرف مؤقف لکھیں

4) مدت رضاعت میں امام اعظم کی دلیل لکھیں

5) مدت رضاعت میں صاحبین کی دلیل لکھیں

6) مدت رضاعت کے بعد حرمت رضاعت کا حکم مع دلیل لکھیں

7) لبن الفحل يتعلق به التحريم۔۔۔مذکورہ عبارت کی مختصر وضاحت فرمائیں؟

8) اذا اختلط اللبن والماء۔۔۔۔عند الاحناف حرمت کا حکم لکھیں

9) اذا اختلط اللبن بالطعام۔۔۔۔عند ابی حنیفہ حرمت کا حکم لکھیں

10) مردہ عورت کا دودھ بچے کو پلا دیا تو احناف کے نزدیک اسکا حکم مع دلیل لکھیں

## کتاب الرضاع L.QS

1. مدت رضاعت میں احناف کا باہمی اختلاف مع دلائل تحریر کریں؟

2. اذا اختلط اللبن والماء۔۔۔۔اختلاف آئمہ مع دلائل لکھیں؟

## کتاب الطلاق

CamScanner

ہدایہ شریف کتاب النکاح وکتاب الطلاق کے سوالات۔

عبد الرحمن مدنی جامعۃ المدینہ چشتیاں شریف

طلاق کی کتنی قسمیں ہیں؟ نام مع تعریفات تحریر کریں

طلاق حسن میں اختلاف آئمہ دلائل کے ساتھ تحریر کریں.

طلاق بدعت میں اختلاف آئمہ دلائل کے ساتھ لکھیں.

طلاق سنت کی کتنی صورتیں ہیں؟ نام مع تعریفات و امثلہ تحریر کریں

صغیرہ اور آئسہ کو طلاق دینے کا طریقہ دلائل سے تحریر کریں

جن کو حیض نہیں آتا ان کو طلاق سنت دینے کا طریقہ تحریر کریں۔

حیض میں طلاق دینے کا شرعی حکم لکھیں اور اگر طلاق دے دی تو مستحب طریقہ لکھیں۔؟

کس شوہر کی طلاق واقع ہوگی اور کس کی نہیں ہوگی. اور کیوں؟ اختلاف آئمہ دلائل تحریر کریں.؟

مرد نے کہا۔انت الطلاق یا انت طالق الطلاق۔اس عبارت کی اس طرح وضاحت کریں

عورت کے کس جز کو طلاق دینے سے طلاق واقع ہوگی. اور کس جز کو دینے سے طلاق واقع نہیں ہوگی.؟ مع دلائل تحریر کریں؟.

اگر مرد نے کہا تیرے ہاتھ کو طلاق تیرے پاؤں کو طلاق. اس میں اختلاف آئمہ دلائل کے ساتھ تحریر کریں ؟

اگر مرد نے کہا تجھے ایک سے لے کر دو تک یا ایک سے لے کر دو کے درمیان تو اس میں اختلاف آئمہ. دلائل کے ساتھ لکھیں.؟

اگر کہا تو کل طلاق والی ہے. اور اس سے آخر نہار کی نیت کی. تو اس صورت میں اختلاف آئمہ مع دلیل تحریر کریں.؟

اور اگر مرد نے کہا تو گزشتہ کل طلاق والی ہے تو اس کی مختلف صورتیں بیان کریں ؟

مرد نے کہا تو طلاق والی ہے جب میں تمہیں طلاق نہ دوں یا جب تک میں تمہیں طلاق نہ دوں تو اس میں اختلاف آئمہ دلائل کے ساتھ لکھیں.؟

مرد نے کہا تو طلاق والی ہے. جب تک میں تجھے طلاق نہ دوں پھر فورا ہی کہا تو طلاق والی ہے. اس عبارت میں اختلاف آئمہ دلائل کے ساتھ تحریر کریں.؟

جب کسی مرد نے عورت سے کہا کہ جس دن میں تجھ سے نکاح کروں تو تجھے طلاق. تو اس نے رات میں نکاح کیا. تو اس صورت میں اسے طلاق واقع ہوگی یا نہیں. اس عبارت کی وضاحت کریں.؟

CamScanner

ہدایہ شریف کتاب النکاح وکتاب الطلاق کے سوالات۔ عبد الرحمن مدنی جامعۃ المدینہ چشتیاں شریف

اگر کسی طلاق کو شدت یا زیادتی کے وصف سے دی تو آئمہ کا اختلاف بیان کریں

کسی نے سبابہ ووسطی وابہام کے اشارہ سے طلاق دی تو کیا حکم ہے؟

کسی نے طلاق کو پہاڑ سے تشبیہ دی تو طلاق رجعی ہو گی یا بائنہ؟ اختلاف بیان کریں

طلاق قبل الدخول

غیر مدخولہ کو الگ الگ تین طلاق دی تو کیا حکم ہے؟

غیر مدخولہ کو کہا۔ انت طالق واحدۃ قبل واحدہ؟ یا انت طالق واحدۃ بعدھا واحدۃ تو کتنی طلاق ہوں گی

غیر مدخولہ کو کہا انت طالق واحدۃ قبلھا واحدہ تو کتنی طلاق ہوں گی؟

کسی نے غیر مدخولہ کو کہا ان دخلت الدار فانت طالق واحدۃ وواحدۃ واحدۃ تو کتنی طلاقیں ہوں گی؟ امام اعظم وصاحبین کا اختلاف بیان کریں

الفاظ طلاق

وہ کون سے کنایہ الفاظ ہیں جن سے طلاق رجعی واقع ہوتی ہے؟

اگر کسی نے اعتدی۔ اعتدی۔ اعتدی کہا تو کیا حکم ہے؟ احتمالات بیان کریں؟

کسی نے کہا۔ انا منک طالق۔ اور طلاق کی نیت کی۔، یا کہا۔ انا منک بائن تو اسکا حکم واختلاف بیان کریں

تفویض طلاق

اگر کسی نے بیوی سے کہا، اختاری۔۔ وقالت اخترت۔ طلاق واقع ہو گی یا نہیں؟

اگر کسی نے بیوی سے کہا۔ اختاری، اختاری، اختاری۔۔ عورت نے کہا۔۔ اخترت الاولی والوسطی والاخیرہ کیا حکم ہے؟

اگر کسی نے کہا امرک بیدک الیوم وبعد غد اس میں رات داخل ہو گی یا نہیں؟ و معاملہ رات میں رد کرنے سے رد ہو جائے گا؟

اگر مرد نے کہا۔ طلقی نفسک عورت نے جوابا کہا طلقت نفسی ثلاثا تو کتنی طلاق ہوں گی؟

اگر شوہر نے کہا۔ طلقی نفسک متی شئت تو عورت کو کب تک اختیار حاصل ہو گا؟

طلقی نفسک ثلاثا کے جواب میں عورت نے کہا طلقت نفسی واحدہ کہا تو کتنی طلاق ہوں گی؟؟

حیث شئت واین شئت میں عورت کو طلاق کا اختیار ہو گا یا نہیں؟

CamScanner

الفاظ شرط کتنے اور کون سے ہیں؟

کسی نے کہا لڑکا پیدا ہوا تو ایک طلاق اور لڑکی پیدا ہوئی تو دو طلاق۔۔ جڑواں پیدا ہوئے تو کیا حکم ہے؟

اگر کہا۔ ان کلمت ابا یوسف و ابا عمر اس مسئلہ کی صور اربعہ بیان کریں

انت طالق ان شاء اللہ کہا تو طلاق کا حکم مع دلیل بیان کریں؟

## باب الرجعۃ

رجوع کی اقسام و طریقہ بیان کریں

رجوع پر گواہ بنانے کے حکم میں اختلاف بیان کریں

عدت گزرنے کے بعد مرد نے رجوع کا کہا تو کیا حکم ہے؟ کس کا قول معتبر؟

شوہر نے بعد عدت لونڈی سے رجوع کیا آقا نے تصدیق بھی کی اور لونڈی نے تکذیب تو کس کا قول معتبر ہو گا؟

حق رجوع کب ساقط ہو گا؟ مثال سے وضاحت کریں؟

کتنا حصہ غسل کرتے وقت خشک رہ گیا تو حق رجوع باقی رہے گا؟

طلاق مغلظہ ہو تو دوبارہ نکاح کس طرح ہو گا؟

مراہق بچے سے حلالہ کا حکم بیان کریں؟

مولی کا اپنی لونڈی سے وطی کرنے پر حلالہ ہو جائے گا؟

حلالہ کی شرط پر نکاح کا حکم مع دلیل بیان کریں

حلالہ مادون الثلاث کو ساقط کرتا ہے یا نہیں مع اختلاف بیان کریں

## ایلاء

ایلاء لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں

ایلاء کی اقسام بیان مع تعریف و مثال بیان کریں

اگر کسی نے قسم کھائی کہ ایک سال تیرے قریب نہیں جاؤں گا سوائے ایک دن تو ایلاء کا حکم بیان کریں؟

اگر کسی نے حج روزہ، صدقہ، وغیرہ کی قسم کھائی تو اس سے ایلاء ہو گا یا نہیں؟

طلاق رجعی و بائن میں ایلاء کا حکم لکھیں کس میں ایلاء ہو گا اور کس میں نہیں مع دلیل؟

اجنبیہ سے الفاظ ایلاء کہے بعد ازاں اسی سے نکاح کر لیا تو اب ایلاء ہو گا یا نہیں؟

لونڈی کی مدت ایلاء بیان کریں مع الدلیل۔؟

ایلاء میں شوہر اگر قادر علی الجماع نہ ہو تو فئے کس طرح ہو گا؟

اگر مرد نے کہا۔۔ انت علی حرام۔۔ اس میں تمام احتمالات مع حکم بیان کریں

CamScanner

ہدایہ شریف کتاب النکاح وکتاب الطلاق کے سوالات۔

عبدالرحمن مدنی جامعۃ المدینہ چشتیاں شریف

## باب الخلع

خلع کا لغوی واصطلاحی معنی بیان کریں

خلع کا طریقہ و اس سے کون سی طلاق واقع ہو گی؟

کس صورت میں خلع میں شوہر کیلئے مال لینا مکروہ ہے؟

عورت نے شوہر سے کہا ہزار کے بدلے تین طلاق دو۔۔۔ مرد نے ایک طلاق دی تو کیا حکم ہے؟ کتنا مال لازم

مبارءت کا حکم بیان کریں

مبارءۃ اور خلع سے کیا چیز ساقط ہو گی مع اختلاف بیان کریں

خلع میں اگر عوض باطل ہو تو خلع کا حکم بیان کریں

## باب الظہار

ظہار کا لغوی معنی واصطلاحی معنی بیان کریں

ظہار کی وجہ سے کیا کیا چیزیں حرام ہوتی ہیں

کفارہ سے پہلے وطی کی تو کیا حکم ہے؟ بالدلیل بیان کریں

وہ کون سے اعضاء ہیں جن کی تشبیہ سے ظہار لازم ہوتا ہے

ظہار کا کفارہ بیان کریں

کفارہ ظہار میں کن کن غلاموں کو آزاد کر سکتے ہیں

کفارہ ظہار میں ام ولد و مدبر غلام کو آزاد کرنا کیسا؟ نیز مکاتب کا حکم لکھیں

کفارہ ظہار میں غلام نہ ملے تو کیا حکم ہے؟

کفارہ ظہار میں روزوں کے درمیاں رات میں جان بوجھ کر اور دن میں بھولے سے جماع کر لیا تو کیا حکم ہے؟

اگر روزوں کی بھی استطاعت نہیں تو کیا کرے؟

اگر ایک ہی مسکین کو ساٹھ 60 دن صبح شام کھانا کھلایا تو کفارہ ادا ہو جائے گا؟

کفارہ ظہار میں کھانا کھلانے کے مسائل واحتیاطیں بیان کریں

## باب اللعان

لعان کا لغوی واصطلاحی معنی بیان کریں

لعان کا مکمل طریقہ بیان کریں

زوج وزوجہ میں سے کوئی لعان سے منع کرے تو کیا حکم ہے؟

زوج وزوجہ میں سے کوئی اھل شہادۃ نہ ہو تو لعان کا حکم کیا ہو گا؟

CamScanner

لعان کی صورت میں ہونے والی فرقت کا حکم بیان کریں

گونگے کی قذف ولعان کا حکم بیان کریں

بچے کی نفی کرنا کب درست ہوگا اور ثبوت نسب کا حکم لکھیں

ایک بطن میں دو بچے ہوئے ان میں سے ایک کی نفی کی تو کس صورت میں لعان ہوگا؟

## باب العنین

اگر شوہر عنین یا خصی ہو تو نکاح کا حکم کیا ہے؟

عنین کی صورت میں فرقت کا حکم و مہر و عدۃ کا حکم بیان کریں

اگر شوہر و بیوی میں وصول کے بارے اختلاف ہو جائے تو کس کی بات معتبر ہوگی

مدت میں کس سال کا اعتبار ہوگا؟

## باب العدۃ

عورت کی عدت کی مختلف صورتیں مع دلائل بیان کریں

حاملہ کے متوفی عنھا ہونے کی صورت میں عدت کیا ہوگی؟

عدت طلاق میں اگر شوہر فوت ہو جائے تو عورت کیلئے کون سی عدت گزارنا لازم ہوگی؟

لونڈی کی عدت طلاق رجعی میں آقا نے آزاد کر دیا تو عدت کیا ہوگی؟

آئسہ عورت دوران عدت خون دیکھ لے تو عدت اب کتنی ہوگی؟

موطؤہ بالشبہہ اور منکوحہ بنکاح فاسد کی عدت کس اعتبار سے ہوگی؟

حالت حیض میں طلاق کا حکم و اس حیض کو عدت میں شمار کریں گے؟

معتدۃ متوفی عنھا سے وطی بالشبہہ کی گئی تو عدت کون سی ہوگی؟

نکاح فاسد میں عدت کی ابتداء کب سے ہوگی؟

ذمیہ پر عدت ہوگی یا نہیں اور حربیہ دارالاسلام میں مسلمہ ہو کر آئے تو عدت ہوگی یا نہیں؟

حداد کسے کہتے ہیں اور حداد میں کیا چیزیں ضروری ہیں

مبتوتہ کیلئے حداد ضروری ہے یا نہیں؟ مع اختلاف

مطلقہ رجعیہ و مبتوتہ کا رات اور دن میں گھر سے نکلنا جائز ہے یا نہیں؟ اور متوفی عنھا کا گھر سے نکلنا؟

نکاح فاسد و اور ام ولد کی عدت میں حداد ہوگا یا نہیں؟

معتدہ کو نکاح کا پیغام دے سکتے ہیں؟ مع دلیل۔

فرقت یا وفات کی صورت میں عورت عدت کہاں گزارے گی؟

مرد نے دوران سفر طلاق دی یا فوت ہو گیا تو اب عورت کی عدت و سفر کا حکم لکھیں

CamScanner

## باب ثبوت نسب

مطلقہ رجعیہ کے بچے کا نسب کتنے سال تک جننے کی صورت میں ثابت ہو گا جبکہ اسنے عدت گزرنے کا اقرار نہ کیا ہو۔۔۔ مع دلائل

مبتوتہ کے بچے کا نسب کتنے سال تک جننے کی صورت میں ثابت ہو گا مع دلائل لکھیں

مبتوتہ صغیرہ ہو کہ اس جیسی عورت کے ساتھ جماع کیا جاسکتا ہو۔۔ اگر اسنے 9 ماہ سے کم بچہ جنا تو نسب ثابت ہو گا یا نہیں؟ اقوال فقہاء لکھیں

جب معتدہ انقضائے عدت کا اقرار کرے اور چھ ماہ سے کم بچہ جنے تو نسب ثابت ہو گا یا نہیں؟

معتدہ کے بچہ کا نسب کب ثابت ہوتا ہے اقوال فقہاء بیان کریں؟

اگر شوہر نے عورت کے حاملہ ہونے کا اقرار کیا تو کب مطلقہ ہو گی مع اختلاف بیان کریں

باندی سے کہا ان کان فی بطنک ولد فھو منی ایک عورت نے بچہ کی ولادت کی گواہی دی تو باندی ام ولد ہو گی یا نہیں؟

## باب حضانۃ الولد

بچہ کی پرورش کا کون زیادہ مستحق ہے نیز کن کن عورتوں کو پرورش کا حق بالترتیب حاصل ہو گا؟

ان عورتوں کا حق حضانت کب ساقط ہو گا؟

بچے کی پرورش کیلئے کوئی اہل عورت نہ ہو تو مردوں میں کو حضانت کا مستحق ہو گا؟

ماں اور نانی بچہ کی پرورش کی کب تک مستحق ہیں؟۔

لڑکی کی پرورش میں کون عورتیں زیادہ مستحق ہیں؟

ماں اور نانی کے علاوہ عورت کو کب تک حق پرورش ہے؟

حق پرورش میں لڑکے و لڑکی کو اختیار ہے یا نہیں مع اختلاف بیان کریں

مطلقہ اپنے بچے کو شہر سے باہر لے جاسکتی ہے؟

## باب النفقہ

عورت کب تک مستحق نفقہ بنتی ہے؟ اور نفقہ میں کیا کیا چیزیں ہیں

نفقہ میں مرد و عورت میں کس کی حالت کا اعتبار ہو گا؟

ناشزہ کا نفقہ شوہر پر لازم ہے یا نہیں؟

صغیرہ عورت جو قابل استمتاع نہیں اسکے نفقہ کا حکم لکھیں

عورت محبوس فی الدین یا بغیر محرم حج کو چلی جائے تو اسکا نفقہ؟

اگر عورت شوہر کے گھر میں مریض ہو جائے تو کیا نفقہ لازم ہو گا؟

موسر مرد عورت اور اسکے خادم کا نفقہ لازم ہو گا؟

مرد تنگدست ہو تو دونوں میں تفریق کی جائے گی؟

کن لوگوں کا نفقہ اختلاف دین کے باوجود لازم رہتا ہے؟

CamScanner